ہفت روزہ
WILAYAT TIMES
ولایت ٹائمز
سرینگر

اللہ کی ولایت مومنین اور متقین پر ہے وہ انہیں تاریکی سے روشنی کی طرف نکال لاتا ہے

جلد:2☆شمارہ نمبر:35☆تاریخ:20جون تا26جون2016ء بمطابق14رمضان المبارک تا20رمضان المبارک1437ھ☆صفحات:8☆قیمت:5روپے



شہید ڈاکٹر مصطفیٰ چمران

داعش کو بدترین شکست کا سامنا ۵

چپہ چپہ خونِ شہیداں سے رنگین ۴

پاکستان اور افغانستان دو بھائی ہیں ۵

www.wilayattimes.com

ولایت ٹائمز
www.wilayattimes.com
20th June 2016 to
26th June 2016

ام المومنین حضرت خدیجہ سلام اللہ علیہا

توحیدی علم و عمل کی پیکر

ازقلم: عبدالحسین
عبدالحسینی

بسمہ تعالی

کنون آسیہ راخدای جلال   زندبھر افرادِ مومن مثال

خدا نے قرآن مجید میں سورہ تحریم کی آیت گیارہ میں مومنین کیلئے ایک خاتون کو شاہد مثال اور نمونہ عمل کے طور پر پیش کیا ہے جس کا شوہر فرعون ہے اور خدا ہونے کا دعویدار ہے لیکن خدا اپنے سب بڑے منکر کی شریک حیات کو مومنوں کیلئے مثال قرار دیکر چراغ راہ کے طور پر بیان کرتا ہے کہ خدا پر ایمان رکھنے والوں کیلئے حضرت آسیہ (س) میں نمونہ عمل ہے۔ اور یہ خاتون صرف خواتین کیلئے نمونہ عمل نہیں ہے بلکہ ہر اہل ایمان کیلئے جس میں تمام مومن خواتین و حضرات شامل ہیں۔

حضرت آسیہ میں ایسی کیا بات ہے جو کہ مومن خواتین و حضرات کیلئے امام بن گئی ہے؟ سورہ تحریم کی گیارہویں آیت میں ہی اسکا جواب ملتا ہے کہ آسیہ خدا سے درخواست کرتی تھی کہ مجھے فرعون سے نجات دے، مجھے محل و سلطنت نہیں چاہئے، مجھے زر و زیور نہیں چاہئے، مجھے ظالم کی طرف سے فراہم کی گئی عیش و آرام نہیں چاہئے، جاگیر و حشمت نہیں چاہئے مجھے ظالم قوم سے نجات دیدے۔

ہمارے درمیان عام بات ہے ماحول اثر رکھتا ہے، مذہبی ماحول میں مذہبی رغبت زیادہ رہتی ہے اور غیر مذہبی ماحول میں وہ لگاؤ اور رغبت نہیں رہتا۔ یا زندگی کے کسی دوسرے پہلو کی مثال لیں تو بات ماحول کی سامنے آئے گی کہ ماحول اثر رکھتا ہے، لیکن خدا نے حضرت آسیہ کی مثال بیان کرکے اپنی رضا کی انتہا بیان فرمائی ہے کہ جو کوئی برے ماحول سے متاثر نہ ہو، انسان کی رضا کے مقابلے میں خدا کی رضا کو ترجیح دے وہ خدا کے نزدیک کس قدر عزیز بن جاتا ہے سورہ تحریم کی گیارہویں آیت سے معلوم ہوتا ہے۔ حضرت آسیہ نے صبر آزما مراحل طے کئے، فرعون کے ماحول سے متاثر نہیں ہوئی، اپنے رہبر کو انتخاب کرنے میں غلطی نہیں کی، حضرت موسیٰ علیہ السلام پیغمبر زماں تھے زندگی بھر انکی حامی رہی، اور آخرکار فرعون نے انہیں شہید کیا۔ زندگی بھر پیغمبر کی حامی رہی اور خدا نے اسکا مرتبہ بلند کرکے مثالی خاتون کے طور پر بیان کیا ہے اور اس آیت کے پیش نظر پھر حضرت خدیجہ سلام اللہ علیہا کا مقام کیا ہوگا آسانی کے ساتھ تصور کیا جا سکتا ہے۔

حضرت خدیجہ سلام اللہ علیہا ایک ایسی خاتون کہ جسے خدا نے ایسی بینائی سے نوازا جسکی کوئی نظیر نہیں ملتی ہے۔ خدا کا نور زمین پر موجود تھا لیکن دنیا کی آنکھیں اس نور کو دیکھنے سے قاصر تھی، نور الہی حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت ازل سے مقرر تھی اور خاتم النبین لقب حاصل کر چکے تھے گرچہ خانہ کعبہ کے دوبارہ تعمیر کے پانچ سال بعد جب آنحضرت کی عمر مبارک چالیس سال کی تھی ستائیس رجب کو پہلی وحی نازل ہوکر مبعوث بہ رسالت کا رسمی اعلان ہوا، لیکن حضرت خدیجہ سلام اللہ علیہا نے پہلے سے ہی اس نور کو سمجھا اور جانا تھا، انکی حمایت کیلئے اپنی جان و مال پیش کش رکھی۔ دنیا والوں کے نظروں میں آنحضرت ایک غریب شخص تھے، یتیم تھے، چرواہا تھے لیکن حضرت خدیجہ (س) کے نزدیک کائنات کی سب سے بلند مرتبت شخصیت تھے اور دنیا کی مالدار ترین خاتون ہونے کی حیثیت کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زوجیت میں آنے کی خواہش ظاہر کی اور اپنی ساری جاگیر آپ کے قدموں میں ڈالدی اور کہا میں اپنی ساری دولت آپکو بخشتی ہوں اور خود آپکی کنیز بن جاتی ہوں اور قیامت میں میری شفاعت کرنا۔

حضرت خدیجہ (س) نے نہ دنیا کی پرواہ کی اور نہ ہی دنیا والوں کی صرف اور صرف خدا کی رضا حاصل کرنے کی تمام تر کوشش کرتی رہی۔ لوگوں کے تانے سنتی رہی یہاں تک کہ ایک ایسا دن بھی دیکھنا پڑا کہ جب حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کی ولادت کا وقت ہوا تو عورتوں نے حضرت خدیجہ کا گھر آنے سے انکار کیا کہ خدیجہ (س) فقیر ہو گئی ہے اسے اس کا مزہ چکھنا چاہئے تاکہ اسی حالت میں مر جائے۔ لیکن حضرت خدیجہ (س) نے ہمت نہ ہاری اپنی تجارت پر نازاں تھیں۔ حضرت خدیجہ کو اپنے مال و دولت کے بدلے جو کہ اسلام کیلئے دیا تھا کوثر حاصل ہو گیا۔

حضرت آسیہ کو حق کا راستہ انتخاب کرنے کیلئے بہت سارے مواقع فراہم تھے ایک طرف فرعون کا دعوی خدائی اور دوسری طرف فرعونی حکومت اور عوامی حالات اور اس بیچ حضرت موسی علیہ السلام کا پیغام تھا اور سب کا موازنہ کرکے حقیقی رہبر کا انتخاب کرکے قرب الہی حاصل کیا تھا لیکن حضرت خدیجہ (س) کیلئے صرف اور صرف قرب الہی مقصود تھا حضرت آسیہ کے مانند تراز و کا کوئی پیمانہ نہ تھا کہ جن سے نور الہی اور قرب الہی کو حاصل کرنے کا ذریعہ تلاش کیا جا سکتا تھا، گویا حضرت خدیجہ (س) نے آسمانی بشارتوں یعنی تورات و زبور کے ذریعہ نور میں نور کو تلاش کیا جس کیلئے ایک آفاقی بینائی کا ہونا لازمی ہے جو کہ حضرت خدیجہ (س) کو حاصل تھی۔ حضرت خدیجہ سلام اللہ علیہا نے حضرت رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یوں ہی انتخاب نہیں کیا بلکہ پہلے انکی معرفت حاصل کرنا چاہی، چونکہ انسان کو یا معاملات میں یا سفر میں پہچانا جا سکتا ہے۔ حضرت خدیجہ (س) نے دونوں حالتوں کو ذریعہ قرار دیا اپنا مال التجارہ آنحضرت کے سپرد کرکے شام کیلئے روانہ کیا اور سفر سے واپسی پر تجارت اور سفر کے دوران واقعات سے باخبر ہوئی تو اپنے رہبر اور مقصود کو انتخاب کرنے میں درنگ نہیں کیا۔ شام سے واپسی کے بعد حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا اور علی ابن ابیطالب کے والد جناب حضرت ابوطالب علیہ السلام حضرت خدیجہ (س) کے گھر جاتے ہیں تاکہ آنحضرت کا حصہ وصول کریں، اس پر حضرت خدیجہ (س) نے کہا کہ میں تو منافع کا حصہ دوں گی لیکن ان پیسوں سے کیا کرنا چاہتے ہیں۔ کہا میں انہیں دولہا بنانا چاہتا ہوں۔ کہا کہ میں انکی بیوی بننے کیلئے تیار ہوں، خود انکا مہر ادا کروں گی۔ دنیا کی سب بڑی دولتمند خاتون خدیجہ (س) بڑے تاجروں کی درخواست کو ٹھکرا کر، بظاہر ایک خالی ہاتھ نوجوان کی بیوی بننے کی خواہش ظاہر کرتی ہے، یہ ایک پراسرار واقعہ ہے۔ حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پچیس سال کے اور حضرت خدیجہ سلام اللہ علیہا قریب چالیس سال کی ہیں اور دونوں ازدواج کے رشتے میں بند جاتے ہیں۔ چالیس سالہ امیر ترین لڑکی کا پچیس سالہ غریب اور یتیم نوجوان کے ساتھ شادی کرنا لطف سے خالی نہیں ہے۔ (مفسر قرآن استاد شیخ محسن قرائتی کے بقول تحقیق سے ثابت ہے کہ حضرت خدیجہ نے آنحضرت سے پہلے شادی نہیں کی تھی)۔

> **ام المؤمنین حضرت خدیجہ (س) نیدنیا کی مالدار ترین خاتون ہونے کی حیثیت کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسم کی زوجیت میں آنے کی خواہش ظاہر کی اور اپنی ساری جاگیر آپ کے قدموں میں ڈالدی اور کہا میں اپنی ساری دولت آپکو بخشتی ہوں اور خود آپکی کنیز بن جاتی ہوں اور قیامت میں میری شفاعت کرنا۔**

ام المومنین حضرت خدیجہ کبری سلام اللہ علیہا کے بارے میں حضرت رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک جامع جملہ بیان فرمایا ہے کہ جسے تذکرۃ الخواص، ص 273؛ رمضان در تاریخ، ص 76؛ کشف الغمہ، ج 2، ص 78 میں نقل کیا گیا ہے کہ آنحضرت نے فرمایا: "قسم خدا کی، پروردگار نے مجھے خدیجہ سے بہتر کسی کو بھی عطا نہیں کیا ہے، کیونکہ جب لوگ کافر تھے اس (خدیجہ) نے مجھ پر ایمان لایا، جبکہ لوگ مجھے جھٹلا رہے تھے اس (خدیجہ) نے میری تصدیق کی، جب لوگوں نے مجھے محروم رکھا تھا، اس (خدیجہ) نے اپنی تمام دولت میرے ساتھ مساوات کی اور خدا نے مجھے اسکے ذریعہ اولاد عطا کئے جبکہ کسی اور شریک حیات سے ایسی عنایت نصیب نہیں ہوئی ہے"۔ یعنی حضرت رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سرازیر ہونے والی تمام برکتوں اور رحمتوں کا سرچشمہ حضرت خدیجہ کبری سلام اللہ علیہا ہیں یعنی سورہ کوثر کا سرچشمہ آپ ہیں۔ حضرت خدیجہ سلام اللہ علیہا کے ساتھ محبت اور ارادتمندی کا اظہار حضرت رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ قرب کا ذریعہ ہے۔

ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا سے روایت ہے کہ ہم جب آنحضرت کے ساتھ قرب چاہتے تھے تو حضرت خدیجہ کی تعریف اور تجلیل بجا لاتے۔ ایک دن ایک بوڑھی عورت آنحضرت کی خدمت میں حاضر ہوئی تو لوگ یہ دیکھ کر حیران ہو گئے کہ آنحضرت نے بوڑھی عورت کا نہایت احترام کیا اسلئے پوچھا۔ یا رسول اللہ یہ خاتون کون تھیں، فرمایا یہ خدیجہ کے دوستوں میں تھیں۔ اس سے بھی اندازہ ہوتا ہے کہ آنحضرت کے نزدیک حضرت خدیجہ کی کیا قدر و منزلت تھی۔

جب حضرت خدیجہ سلام اللہ علیہا بستر مرگ پر تھیں اور آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سرانے حاضر تھے کچھ وصیتیں کی مگر ایک وصیت جسے بیان کرنے میں حیا محسوس کیا اور عرض کیا کہ میں فاطمہ زہرا سے کہتی ہوں وہ آپ سے کہیں گے۔ حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا نے آنحضرت کی خدمت عرض کی کہ ماں کی خواہش ہے کہ جب آپ پر پہلی وحی نازل ہوئی اور اسوقت آپنے جو قمیض پہنی تھی مجھے اسی میں دفن کرنا۔ یہاں پر بھی حضرت خدیجہ سلام اللہ علیہا کا توحید محور ہونا اور ہر رنگ میں خدائی رنگ ظاہر ہوتا ہے۔ ملائکہ حضرت خدیجہ سلام اللہ علیہا پر رشک کرتے تھے جب آنحضرت معراج سے لوٹے تو حضرت جبرئیل امین نے آنحضرت کے ذریعہ پیغام بھیجا کہ حضرت خدیجہ (س) کو میرا اسلام کہیے گا۔ ائمہ معصومین حضرت خدیجہ پر ناز کرتے ہیں، رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چوتھے وصی امام المومنین وارث المرسلین و حجت رب العالمین حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے مسجد شام میں فخر اکہا: "ان ابن الخدیجۃ الکبری"۔ ہم جب امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرتے ہیں تو کہتے ہیں: "السلام علیک یا ابا عبداللہ و بن خدیجۃ الکبری۔ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاتم الوصیین امام زمان عجل اللہ تعالی فرجہ الشریف حضرت خدیجہ پر ناز کرتے ہیں۔ کیوں؟ کیونکہ آپ کی زندگی مومنین کیلئے شمع ہدایت ہے۔

حضرت خدیجہ سلام اللہ علیہا کی حیات طیبہ سے یہ سبق ملتا ہے کہ انسان کو عمل سے مقام و منزل حاصل ہوتا ہے نہ مال سے، نہ منصب سے، نہ نسبت سے، نہ ہی حسب سے بلکہ کردار و عمل کی بنیاد پر انسان کو حاصل ہوتا ہے جس کی طرف قرآن اشارہ کرتا ہے کہ انسان اپنی کوشش سے انسانیت کا مقام حاصل کرتا ہے۔ جسے فرشتوں کے مقام سے افضل تسلیم کیا جاتا ہے۔ اور یہ کوشش تبھی بار ور ثابت ہوتی ہے جب الہی رہبری میں طی کی جائے اور آج جو کوئی امام زماں (عج) کے جاننے اور سمجھنے میں کامیاب ہوتا ہے اور انکی یاری کرنے میں جھٹ جاتا ہے وہ حضرت خدیجہ سلام اللہ علیہا کی طرح کامیاب و کامران ہو جاتا ہے۔

اللہ کی بارگاہ میں دست بدعا ہیں کہ ہمیں حضرت خدیجہ کے مانند بصیرت عطا کرے تاکہ ہم امام زماں (عج) کو پہچان سکیں اور طاغوت، اسرائیل اور امریکا سے نبرد آزما، انکے اعوان و انصاروں کے حامیوں میں شامل ہو سکیں تاکہ کل ظہور کے بعد آنحضرت ہمارے حامی و ناصر ہونے کی تصدیق کر سکیں۔ آمین

1932-1981

شہید ڈاکٹر مصطفیٰ چمران

سربلندی کے ساتھ زندگی گزاری اور سرفرازی کے ساتھ شہید ہوئے

ولایت ٹائمز

ڈاکٹر مصطفیٰ چمران کا شمار ایران کی چند معروف شخصیات میں ہوتا ہے جنہوں نے اپنی قوم کے لئے عظیم انقلابی سرگرمیاں انجام دیں اور قوم کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے میں ایک اہم کردار ادا کیا۔ آپ سن 1932 کو تہران میں پیدا ہوئے۔

آپ نے اپنی ابتدائی تعلیم کا آغاز تہران میں واقع انتصاریہ سکول سے کیا اور پھر دارالفنون 1 اور البرز 2 جیسے مدارس میں اپنی تعلیم کو جاری رکھا۔ اس کے بعد تہران یونیورسٹی کے ٹیکنیکل ڈیپارٹمنٹ میں داخلہ لیا اور سن 1957 میں الیکٹرومیکانیک کے شعبہ میں اپنی ڈگری مکمل کی۔ پھر ایک سال تک اسی ڈیپارٹمنٹ میں انہوں نے تدریس کی۔ انہوں نے اپنی تعلیم کے دوران ہر کلاس میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔ اور سن 1957 میں اعلیٰ تعلیم کی غرض سے اسکالرشپ پر امریکا تشریف لے گئے اور وہاں دنیا کے معروف ترین دانشمندوں کی موجودگی میں تحقیقاتی سرگرمیاں انجام دیں۔ انہوں نے امریکا کی مشہور یونیورسٹیوں کیلی فورنیا اور برکلے میں اعلیٰ علمی ذوق کے حامل اساتذہ کی زیر نگرانی الیکٹرونیک اور پلازما فزکس کے شعبہ میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔

امریکا میں اپنے قیام کے دوران انہوں نے اپنے بعض دوسرے دوستوں کی مدد سے پہلی بار اسلامک اسٹوڈنٹس سوسائٹی (انجمن دانشجویان اسلامی) کی بنیاد رکھی اور اس کے مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے انہوں نے انتھک جد وجہد کی۔ امریکا میں موجود ایرانی اسٹوڈنٹ کمیونٹی میں ان کا شمار اس سوسائٹی کے سرگرم رکن کی حیثیت سے ہوتا تھا۔ ان کو اپنی سرگرمیوں کی سزا یہ ملی کہ ایران میں موجود حکومت شاہ نے ان کا تعلیمی وظیفہ روک دیا۔

جب آپ کی عمر پندرہ سال کو پہنچی تو ھدایت مسجد 3 میں مرحوم آیت اللہ طالقانی کے درس تفسیر قرآن اور استاد شہید مرتضیٰ مطہری 4 کے درس منطق اور فلسفے کی کلاسوں میں شرکت کیا کرتے تھے۔

آپ تہران یونیورسٹی میں اسلامک اسٹوڈنٹس سوسائٹی کے ابتدائی اراکین میں سے تھے۔ سیاسی تنازیات میں ڈاکٹر مصدق کے دور (چودھویں اسمبلی) سے لے کر تیل کی صنعت کے قومی تحویل میں آنے تک سرگرم عمل رہے۔

شہید چمران نے ایران میں اپنی تعلیم کے دوران شاہی حکومت کے خلاف انقلاب میں بھر پور حصہ لیا اور امریکہ

> شہید چمران نے ایران میں اپنی تعلیم کے دوران شاہی حکومت کے خلاف انقلاب میں بھر پور حصہ لیا اور امریکہ میں بھی اپنی اس جد وجہد کو جاری رکھا. کچھ عرصے کے بعد وہ لبنان چلے گئے. جھاں لاپتہ رھنما امام موسیٰ صدر کے ساتھ مل کر صیھونی حکومت کے خلاف جد و جھد شروع کی اور لبنان کے محروم طبقات اور فلسطینی آوارہ وطنوں کی امداد کے لئے "تحریک محرومین" کی بنیاد رکھی.

میں بھی اپنی اس جد وجہد کو جاری رکھا۔ کچھ عرصے کے بعد وہ لبنان چلے گئے۔ جہاں لاپتہ شیعہ رہنما امام موسیٰ صدر کے ساتھ مل کر صیہونی حکومت کے خلاف جد وجہد شروع کی اور لبنان کے محروم طبقات اور فلسطینی آوارہ وطنوں کی امداد کے لئے "تحریک محرومین" کی بنیاد رکھی۔

انقلاب اسلامی کی کامیابی کے بعد ڈاکٹر چمران جو ملک سے باہر تشریف لے گئے تھے اسلامی انقلاب کی کامیابی کے بعد 23 سال کا عرصہ ملک سے باہر گزار کر وطن واپس آگئے۔

یہاں واپس آنے کے بعد انہوں نے اپنی تمام علمی اور انقلابی صلاحیتوں کو تعمیری کاموں میں صرف کرنے کے لئے انقلاب اسلامی کی خدمت میں پیش کر دیا۔ کچھ عرصے کے بعد اسلامی مجلس کے پہلے انتخابات میں تہران کے نمائندہ منتخب ہوئے۔ ایران عراق جنگ کے دوران مجاہدین کی صف میں شامل ہوئے اور رضا کار فورسز سپاہ پاسداران کی قیادت کی۔ آپ کو وزیر اعظم کا معاون مقرر کر دیا گیا اور اس دوران آپ نے اپنی جان کو خطرہ میں ڈالتے ہوئے کردستان میں موجود شورش کا حل نکالا۔ کردستان میں بے نظیر کامیابی حاصل کرنے کے بعد آپ کو تہران کی طرف بلایا گیا اور امام خمینی (رح) کے حکم پر وزارت دفاع سے منسلک ہو کر اپنے فرائض انجام دینے لگے۔ حزب اللہ کے جوانوں کی تربیت میں آپ کا کردار نمایاں رہا۔

ڈاکٹر مصطفیٰ چمران تہرانی تعلیم کے بہترین معیار کے باوجود امریکی و یورپی ثقافتی تعلیم کو چھوڑ کر اپنے اسلامی راہ میں خدمات سرانجام دیے۔ اور اپنے جان کا نذرانہ امام کے خدمت میں پیش کر دیا۔

ایم ایس (ٹیکساس یونیورسٹی امریکا)

2. پی ایچ ڈی پلازمہ فزکس (کیلیفورنیا یونیورسٹی امریکا)

3. پی ایچ ڈی الیکٹرک انجینئرنگ تہران یونیورسٹی.

ان ڈگریز کے بعد ناسا امریکا میں آپ نے نوکری شروع کر دی بطور ایک سائنٹسٹ۔ ناسا پوری دنیا میں اپنی ٹیکنولوجی کی وجہ سے مشہور ہے۔ لیکن کچھ ہی عرصے بعد آپ نے لاکھوں روپے کی نوکری چھوڑ دی انقلاب اسلامی ایران کی مدد کے لئے آپ واپس ایران آگئے اور خود کو فلسطین، لبنان اور مصر کے مظلوم مسلمانوں کے لئے وقف کر دیا۔

ہمارے اکثر جوان جو کالج وغیرہ میں پڑھتے ہیں، کہتے ہیں کہ ہم امام خمینی نہیں بن سکتے، مرتضیٰ مطہری نہیں بن سکتے لیکن ہم ان سے پوچھتے ہیں کہ کیا آپ مصطفیٰ چمران اور ڈاکٹر محمد علی نقوی شہید بھی نہیں بن سکتے؟

ڈاکٹر چمران عارفانہ شخصیت کے مالک تھے۔ 20 جون 1981 کو ایران کے معروف دانشور اور مجاہد ڈاکٹر مصطفیٰ چمران نے جارح عراقی فوجیوں سے جنگ کے دوران جام شہادت نوش کیا اور ہمیشہ کے لئے خالق حقیقی سے جا ملے۔

ان کی شہادت کے بعد امام خمینی (رح) نے اپنے ایک پیغام میں فرمایا تھا کہ:

" ڈاکٹر چمران نے پاک و صاف عقیدے کے ساتھ، خالصانہ طور پر بغیر کسی سیاسی گروپ سے وابستہ ہوئے خدا کی راہ میں جہاد کیا۔ انہوں نے بڑی سربلندی کے ساتھ زندگی گزاری اور سرفرازی کے ساتھ شہید ہوئے اور حق تعالیٰ سے جا ملے۔"

کشمیر: ڈی پی ایس اسکول میں عبایا پہننے پر استانی برطرف

اقدام تہذیبی جارحیت: انجینئر رشید/کشمیر فرانس نہیں، سکول انتظامیہ سے پوچھ گچھ ہوگی: وزیر تعلیم/سول سوسائٹی صدائے احتجاج

سرینگر/ریاست جموں کشمیر کے دارالحکومت سرینگر اتھواجن علاقہ میں قائم دہلی پبلک اسکول میں عبایا پہننے پر ایک استانی پر اعتراض کر کے اسے اسکول سے برطرف کیا گیا۔ ریاست کے دینی، سیاسی و سماجی رہنماؤں نے مسئلہ کو افسوسناک قرار دیا اور اسکول انتظامیہ کیخلاف کارروائی کا مطالبہ کیا۔ اس دوران سنیچروار کو قانون ساز اسمبلی میں مخلوط سرکار کے ترجمان اور وزیر تعلیم نعیم اختر نے اسے انتہائی حساس مسئلہ قرار دیتے ہوئے واضح کیا کہ "جموں کشمیر فرانس نہیں ہے"۔ اسمبلی میں وقفہ صفر کے دوران آزاد ممبر اسمبلی انجینئر رشید نے اتھواجن میں قائم دہلی پبلک اسکول ڈی پی ایس میں اسکول انتظامیہ کی طرف سے خواتین کے عبایا پہننے پر پابندی عائد کرنے کا مسئلہ اٹھایا۔ انہوں نے کہا کہ ایک خاتون ٹیچر کو محض اس بنیاد پر نوکری سے نکال دیا گیا کہ اس نے اسکول میں عبایا پہن رکھا تھا۔ انجینئر رشید نے اس سلسلے میں حکومت پر فوری کارروائی عمل میں لانے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدام نہ صرف تہذیبی جارحیت کی ایک کوشش ہے بلکہ مداخلت فی الدین اور لوگوں کے مذہبی حقوق کو چھین لئے جانے کا مذموم اور ناقابل قبول عمل بھی ہے۔ اس پر ایوان میں موجود تعلیم کے وزیر اور ریاستی سرکار کے ترجمان اعلیٰ نعیم اختر نے اپنا ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ یہ معاملہ ڈی پی ایس حکام کے ساتھ اٹھایا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا "یہ ڈی پی ایس ایک پرائیویٹ اسکول ہے اور ہم سچائی کو سامنے لائیں گے، ہم ایک ایسے ملک میں رہتے ہیں جہاں بہت سارے مذاہب اور کلچر کے لوگ رہتے ہیں اور ایسے معاملات میں کسی قسم کی زبردستی ناقابل قبول ہے، ہم فرانس میں نہیں رہتے"۔ دریں اثنا سیول سوسائٹی فورم کشمیر نے دہلی پبلک اسکول انتظامیہ کی جانب سے متبرک مہینے ماہ رمضان میں پردے پر پابندی عائد کرنے کو مداخلت فی الدین قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت کو اس ضمن میں اپنی پوزیشن واضح کرنی چاہئے۔ سیول سوسائٹی فورم کشمیر کے مطابق دہلی پبلک اسکول انتظامیہ کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہیں۔ دہلی پبلک اسکول انتظامیہ کی جانب سے برقعہ پر پابندی عائد کرنا ناقابل برداشت ہے اور اس سلسلے میں حکومت کو فوری طور پر وائٹ پیپر جاری کرنا چاہئے۔ سوسائٹی کے مطابق یہ ایک فرد کے مذہبی حقوق پر براہ راست حملہ ہے اور اس پر چپ رہنے کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا۔

اقدام مداخلت فی الدین: گیلانی و میرواعظ کی مذمت



سرینگر/حریت کانفرنس (گ) کے چیرمین سید علی گیلانی نے سرینگر کے اتھواجن علاقے میں قائم دہلی پبلک اسکول میں انتظامیہ کی طرف سے ایک استانی کے عبایا پہننے پر اعتراض اٹھانے کو بہت زیادہ افسوسناک اور قابل مذمت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اسکول انتظامیہ کو اس واقعے کے لیے فوری طور پر غیر مشروط معافی مانگی چاہیے اور اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ آئندہ کے لیے کبھی بھی اس طرح کی حماقت سرزد نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر ایک مسلم اکثریتی ریاست ہے اور یہاں اسلامی لباس پر اعتراض اٹھانے کے نتائج انتہائی سنگین ہوسکتے ہیں۔ اسکول انتظامیہ کو ہوش کے ناخن لینا چاہیے اور اس حساسیت کو کبھی بھی نظرانداز کرنے کی غلطی نہیں دہرانی چاہیے۔ ادھر جموں وکشمیر متحدہ مجلس علماء کے ترجمان نے دہلی پبلک سکول (DPS) میں تعینات ایک مسلم معلمہ کو سکول کی پرنسپل مسز وارکو کی جانب سے اسلامی لباس (ابایہ) پہننے پر سرزنش کو معلمہ کے عزت نفس کے تئیں زیادتی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پرنسپل موصوفہ کو یہ بات ذہن نشین کرنی چاہیے کہ جموں کشمیر ایک مسلم اکثریتی ریاست ہے اور سکول ھذا میں اسلامی اقدار کے منافی اقدامات کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ ترجمان نے کہا کہ اس قسم کے اقدامات دینی معاملات میں مداخلت کے مترادف ہے اور پرنسپل موصوفہ کو سکول ھذا میں تعینات مسلم معلمات کے لباس کے تئیں رائے زنی کا کوئی حق نہیں ہے۔ سکول ھذا کے ماحول کو مغرب زدہ بنانے کی ایک کوشش کے سوا کچھ نہیں جس کے کسی بھی صورت میں مثبت نتائج برآمد نہیں ہوسکتے۔

ریاست میں کینسر مریضوں کی تعداد 6 ہزار

سرینگر/ریاستی سرکار نے سنسنی خیز انکشاف کرتے ہوئے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں ضلع سرینگر میں کینسر میں مبتلا مریضوں کی تعداد سب سے زیادہ ہے جبکہ مجموعی طور پر ریاست میں اس بیماری میں مبتلا مریضوں کی تعداد 6 ہزار سے زائد ہے۔ کے این ایس کے مطابق وزارت صحت کا کہنا ہے کہ ریاست میں اس بیماری میں سال در سال اضافہ ہو رہا ہے جبکہ 2014 میں جہاں ریاست میں ان مریضوں کی تعداد 5 ہزار 568 تھی وہی سال گزشتہ یہ تعداد بڑھ کر 6 ہزار 358 تک پہنچ گئی۔ اعداد وشمار کے مطابق ریاست میں 2011 کے دوران اس موذی بیماری میں مبتلا مریضوں کی تعداد 4 ہزار 556 تھی وہی 2012 میں یہ تعداد بڑھ کر 4 ہزار 848 تک پہنچ گئی جبکہ 2013 میں کینسر میں مبتلا ریاستی شہریوں کی تعداد 5 ہزار 68 ریکارڈ کی گئی۔ سرکار کا کہنا ہے کہ مردوں میں پھیپھڑوں کا سرطان، گلے کا کینسر ومعدے کا کینسر عام ہے جبکہ خواتین میں گردن کا سرطان، پستان کا کینسر، گلے کا کینسر اور پھیپھڑوں کا کینسر عام ہے۔ ریاست میں پھیپھڑوں کے کینسر میں اضافہ ہوا ہے کیونکہ جموں کشمیر میں سگریٹ نوشی کا گراف بھی بڑھ گیا ہے۔ حکومت کی طرف سے منظر عام پر لائے گئے اعداد وشمار میں کہا گیا ہے کہ اس وقت وادی میں مجموعی طور پر 4 ہزار 19 جبکہ لداخ میں 62 اور صوبہ جموں میں 2 ہزار 277 مریض سرطان میں مبتلا ہے۔ دستیاب اعداد وشمار کے مطابق کینسر میں مبتلا سب سے زیادہ مریضوں کی تعداد ضلع سرینگر میں 898 ہے جبکہ وسطی کشمیر کے ہی ضلع گاندربل میں 283 اور ضلع بڈگام میں 452 ہے۔ جنوبی کشمیر کے ضلع پلوامہ میں سرطان میں مبتلا مریضوں کی تعداد 154 جبکہ اننت ناگ میں 489 اور پہاڑی ضلع شوپیاں میں 169 سمیت ضلع کولگام میں 263 ہے۔ اعداد وشمار میں بتایا گیا ہے کہ شمالی کشمیر کے ضلع بارہمولہ میں اس موذی بیماری میں مبتلا ہوئے بیماروں کی تعداد 573 جبکہ پہاڑی ضلع بانڈی پورہ میں 168 اور سرحدی ضلع کپوارہ میں 273 ہے۔ گرمائی دارالخلافہ جموں میں 853 مریض بھی سرطان میں مبتلا ہے جبکہ راجوری میں 205 اور ڈوڈہ میں 139 کے علاوہ ضلع رام بن میں 172 بیمار سرطان میں مبتلا ہے۔ اعداد وشمار میں مزید بتایا گیا ہے کہ ادھمپور میں 118 جبکہ کٹھوعہ میں 265، سامبا میں 169، کشتواڑ میں 113، ریاسی میں 117 اور پونچھ میں ان بیماروں کی تعداد 126 ہے۔

کشمیر کا چپہ چپہ خونِ شہیداں سے رنگین ہے: سید صلاح الدی



سرینگر/"کشمیر کا چپہ چپہ خون شہیداں سے رنگین ہے اور ہمیں یقین ہے شہداء کا یہ لہو رنگ لائے گا"۔ بھیجے گئے اپنے بیان میں حزب المجاہدین کے سربراہ سید صلاح الدین نے سوپور بمنہ میں حزب المجاہدین کے دو سرفروشوں الطاف احمد ساکنہ براٹھ سوپور اور ایجاز احمد لون ساکنہ اڈن کھوئی پٹن اور مڑحل سیکٹر کپوارہ میں بھارتی فوج کے ساتھ ایک خونریز جھڑپ کے دوران جام شہادت نوش کرنے والے چار شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ایک خطاب کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ سوپور اور مڑحل سیکٹر میں شہید ہونے والے مجاہدین کو بھارتی فوج نے ہتھیار ڈالنے کی دعوت دی تھی جو ان سرفروشوں نے مسترد کردی۔ الطاف احمد اور ایجاز احمد گذشتہ دو سال سے حزب کے ساتھ وابستہ تھے اور دونوں مجاہدین نے بھارتی فوج کے خلاف متعدد کارروائیوں میں حصہ لیا۔ انہوں نے سر جھکانے کے بجائے سر کٹانے کو ترجیح دی اور اپنا قیمتی لہو تحریک آزادی پر قربان کردیا۔ انہوں نے کہا کہ فوج کو کشمیر میں ہزیمت کا سامنا ہے جس کا بھارتی فوجی قیادت بھی کئی بار اعتراف کر چکی ہے۔ انہوں نے معصوم شہری کے قتل کی پرزور الفاظ میں مذمت کی۔ (کے این ایس)

ولایت ٹائمز
WILAYAT TIMES
www.wilayattimes.com
20th June 2016 to 26th June 2016

فلسطینیوں کے پینے کے پانی میں زہر ملانے کی کوشش/قبلہ اول مسلمانوں کا مشترکہ میراث: امام جمعہ مسجد اقصیٰ

غزہ/صیہونی حکومت فلسطینیوں کے خلاف اپنے نئے ظالمانہ اقدام میں پینے کے پانی میں زہر ملانے کی کوشش کر رہی ہے۔'' ایما'' کی رپورٹ کے مطابق صیہونی حکومت فلسطینیوں کے خلاف نئے ظالمانہ اقدام میں غرب اردن میں فلسطینیوں کے پینے کے پانی میں زہر ملانے کی کوشش رہی ہے تاکہ فلسطینی اپنی سرزمین ترک کرنے پر مجبور ہو جائیں۔ اطلاعات کے مطابق "خاموشی کو توڑتے ہیں" نامی اسرائیل کے ایک ادارے نے ایک ویڈیو فلم میں انکشاف کیا ہے کہ انتہا پسند صیہونی آبادکار غرب اردن کے مختلف علاقوں میں فلسطینیوں کے پینے کے پانی میں زہر ملانے کی مسلسل کوشش کر رہے ہیں۔ مذکورہ اسرائیلی ادارے نے اعلان کیا ہے کہ پینے کے پانی میں زہر ملانے کا مقصد یہ ہے کہ فلسطینی اپنی سرزمین ترک کرنے پر مجبور ہو جائیں اور پھر صیہونی آبادکار ان کے گھربار پر قبضہ کر لیں۔ یاد رہے کہ تقریباً ایک سال پہلے اسرائیلی ٹی وی چینل نمبر دس نے بھی یہ انکشاف کیا تھا کہ انتہا پسند صیہونی آبادکار غرب اردن میں فلسطینی کسانوں کے زیتون کے باغات سے چوری اور ان باغات کو نابود کر رہے ہیں۔ صیہونی اخبار "ہا آرتص" نے بھی چند ماہ قبل مقبوضہ علاقے صفد میں صیہونی مذہبی رہنماؤں کی کونسل کے ایک رکن "شموئیل مردخائی" کا فتویٰ شائع کیا تھا جس میں عربوں کی چوری کو جائز قرار دیا گیا تھا۔ ادھر غاصب اسرائیلی حکومت نے ماہ رمضان میں فلسطینیوں کے لئے پانی کی سپلائی کو منقطع کر دیا ہے۔ فلسطینی خبر رساں ایجنسی معا کی رپورٹ کے مطابق غاصب اسرائیلی حکومت نے فلسطینیوں کے لئے پینے کے پانی کی سپلائی منقطع کر دی ہے جس پر غرب اردن کے محکمہ آب رسانی کے سربراہ فادی عبدالغنی نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔ دریں اثنا قبلہ اول کے امام و خطیب نے کہا ہے کہ غاصب صیہونی رژیم کے حربے مسلمانوں کو قبلہ اول سے محروم نہیں کر سکتے ہیں۔ فلسطین میں رمضان المبارک کے دوسرے جمعہ المبارک کو مسجد اقصیٰ میں نمازیوں کے جم غفیر سے خطاب کرتے ہوئے فلسطین کے سرکردہ عالم دین اور امام قبلہ اول "الشیخ محمد سلیم" نے کہا ہے کہ غاصب صیہونی رژیم کے حربے مسلمانوں کو قبلہ اول سے محروم نہیں کر سکتے ہیں۔ انہوں نے اپنے خطاب میں فلسطینی مسلمانوں کے قبلہ اول میں آمد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ فلسطینی قوم نے ثابت کر دیا ہے کہ صیہونی دشمن کی رکاوٹیں انہیں قبلہ تک پہنچنے سے مانع نہیں ہو سکتیں۔

اقوام متحدہ آل سعود کے بجائے مظلوم یمنی عوام کی حمایت کرے/ یمنی اعلیٰ انقلابی کمانڈر

صنعا/ یمنی انقلاب کی اعلیٰ کمیٹی کے سربراہ نے یمن کے خلاف جنگ میں سعودی اتحاد سے متحدہ عرب امارات کے الگ ہونے خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ اقوام متحدہ کو چاہئے کہ سعودی عرب کی پالیسیوں پر عمل درآمد کرنے کے بجائے مظلوم یمنی عوام کی حمایت کرے۔ عالمی اردو خبر رساں ادارے ''نیوز نور'' کی رپورٹ کے مطابق یمنی عوام کے انقلاب کی اعلیٰ کمیٹی کے سربراہ ''محمد علی الحوثی'' نے یمن جنگ سے متحدہ عرب امارات کے نکل جانے کا خیر مقدم کرتے ہوئے سعودی اتحاد میں شامل دیگر ممالک کو مشورہ دیا ہے کہ وہ بھی یمن پر اپنی جارحیت کا سلسلہ بند کر دیں کیونکہ اس جارحیت سے نقصان کے سوا اور کچھ بھی حاصل ہونے والا نہیں ہے۔ انہوں نے اقوام متحدہ کے نام نہاد ادارے سے بھی سعودی عرب یا دیگر ممالک کی پالیسیوں پر عمل درآمد کرنے کے کردار ادا نہ کرنے کی تلقین کرتے ہوئے کہا کہ اسے یمن کے مظلوم عوام کی حمایت کرنی چاہئے۔

نائیجیریا میں بوکوحرام کے حملے میں 18 خواتین ہلاک

ابوجا/ نائیجیریا میں وہابی دہشت گرد تنظیم بوکوحرام نے ایک گاؤں پر فائرنگ اور گھروں کو نذر آتش کر کے 18 خواتین کو ہلاک کر دیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق نائیجیریا کے شمال مشرقی گاؤں میں نماز جنازہ کے دوران دہشت گرد تنظیم بوکوحرام نے حملہ کر دیا جس کے نتیجے میں 18 خواتین ہلاک ہوگئیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ بوکوحرام کے دہشت گردوں نے گاؤں میں گھس کر اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی اور گھروں کو آگ بھی لگا دی جب کہ حملے کے بعد سے اب بھی کئی خواتین لاپتہ ہیں۔ واضح رہے کہ اس سے قبل بھی نائیجیریا کے گاؤں میں بوکوحرام نے متعدد بار حملہ کر کے بچوں اور خواتین سمیت کئی افراد کو قتل کیا ہے جب کہ حملوں کے دوران سیکڑوں خواتین کو یرغمال بھی بنایا گیا ہے۔

ہار ہی امریکہ کا مقدر ہوگی: علاء الدین بروجردی

تہران/ اسلامی جمہوریہ ایران کی پارلیمنٹ میں قومی سلامتی اور خارجہ پالیسی کمیشن کے سربراہ علاء الدین بروجردی نے کہا ہے کہ مشترکہ جامع ایکشن پلان کی خلاف ورزی کرنے کی صورت میں یقیناً ہار ہی امریکہ کا مقدر ہوگی۔ علاء الدین بروجردی نے بدھ کی رات ایران کے ٹی وی چینل دو کے ساتھ گفتگو کے دوران کہا کہ امریکہ ہمیشہ سے توسیع پسندی اور مشترکہ جامع ایکشن پلان کی خلاف ورزی کے درپے رہا ہے اور اگر اس نے کھیل بگاڑنے کی کوشش کی تو یقیناً اسے ہار کا سامنا کرنا پڑے گا۔ علاء الدین بروجردی نے امریکہ کو مشترکہ جامع ایکشن پلان کے سلسلے میں بدی کا مرکز قرار دیا اور کہا کہ ایران کی پارلیمنٹ نے امریکہ کے قابل اعتماد نہ ہونے کی بنا پر یہ قانون منظور کیا ہے کہ اگر گروپ پانچ جمع ایک نے مشترکہ جامع ایکشن پلان پر عملدرآمد نہ کیا تو ایرانی حکومت دو برسوں کے دوران یورینیئم کی افزودگی ایک لاکھ نوے ہزار سو (SWU) تک بڑھانے کی پابند ہوگی۔ علاء الدین بروجردی نے کہا کہ ایران کی پارلیمنٹ اپنے قومی مفادات کا پوری قوت کے ساتھ دفاع کرتی رہے گی اور پارلیمنٹ نے پابندیوں اور ایرانی قوم پر روا رکھے جانے والے ظلم کے خاتمے کے پیش نظر مشترکہ جامع ایکشن پلان پر دستخط کرنے سے اتفاق کیا تھا لیکن امریکہ کی سازش کی وجہ سے غیر ملکی بینکوں کے ساتھ تعلقات کا معاملہ عملی طور پر حل نہ ہو سکا

پاکستان اور افغانستان دو بھائیوں کی طرح ایک دوسرے کے کندھے سے کندھا ملا کر چلیں گے/ سراج الحق



اسلام آباد/ جماعت اسلامی پاکستان کے امیر نے کہا ہے کہ پاکستان افغانستان کو ایک آزاد اور خود مختار ملک سمجھتا ہے اور ہم کسی کے اندرونی معاملات میں مداخلت کو پسند نہیں کرتے۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ پاکستان اور افغانستان گفت وشنید کے ذریعے باہمی اختلافات کا حل تلاش کریں۔ ہمارا مشترکہ دشمن پاک افغان کشیدگی سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کر رہا ہے۔ بھارت نے ہمیشہ پاکستان کو تنہا کرنے اور افغان سرزمین کو پاکستان کے خلاف استعمال کرنے کی کوشش کی۔ دونوں ملکوں کی قیادت دوراندیشی کا مظاہرہ کرتے ہوئے باہمی اتحاد سے دشمن کی سازشوں کو ناکام بنائیں۔ پاکستان ہر مشکل گھڑی میں اپنے افغان بھائیوں کے شانہ بشانہ کھڑا ہوا ہے، سوویت یونین کے حملہ کے بعد پاکستان نے چالیس لاکھ افغان مہاجرین کو اپنے ہاں پناہ دی جن میں 25 لاکھ سے زائد اب بھی پاکستان میں پناہ گزین ہیں۔ ہمیں دشمن کی سازشوں کا شکار ہونے کے بجائے ایک خوشحال مستقبل کی طرف بڑھنا چاہئے۔ آپس کی لڑائیوں میں جیتنا بھی کسی کے لئے سودمند نہیں ہوتا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سینیٹ اجلاس میں شرکت کے بعد پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

عراق میں داعش کو بدترین شکست کا سامنا، وزیر اعظم نے شہر فلوجہ کی آزادی کا اعلان کر دیا

بغداد/ عراق کے وزیر اعظم حیدر العبادی نے فلوجہ کے اسٹراٹیجک شہر کی آزادی کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ عراقی فورسز نے اپنے وعدے پر عمل کر دیا ہے اور ہم عنقریب موصل کو بھی دہشت گردوں کے ناپاک وجود سے پاک کریں گے۔ عراقی وزیر اعظم نے کہا کہ عراقی فورسز نے فلوجہ کو دہشت گردوں کے ناپاک وجود سے پاک کر دیا ہے۔ عراقی وزیر اعظم نے فلوجہ کی لڑائی شہید ہونے والے عراقی فوجیوں اور قبائل کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنے عزیز وطن کو ملکی اور غیر ملکی دہشت گردوں کے وطن سے آزاد کرا کر تاریخ رقم کر دی ہے۔ عراقی وزیر اعظم نے داعش دہشت گردوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردوں کے لئے عراق میں کوئی جگہ نہیں ہے۔ اطلاعات کے مطابق اب تک فلوجہ میں ایک ہزار سے زائد دہشتگرد ہلاک ہو چکے ہیں۔ عراقی عوام نے فلوجہ کی آزادی پر جشن منایا اور فوج کی سراہنا کی۔ انہوں نے عراقی عوام کی استقامت، مرجع تقلید آیت اللہ سید علی سیستانی کی نصیحتوں اور پیغامات اور دیگر ممالک کو خراج تحسین پیش کیا۔

ولایت ٹائمز
www.wilayattimes.com
20th June 2016
to 26th June 2016

